# مسلسل چھٹی شکست نے کراچی کنگز کی پلے آف مرحلے میں رسائی مشکل بنادی

**لاہور، 13 فروری 2022ء:**

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے انیسویں میچ میں پشاور زلمی نے کراچی کنگز کو 55 رنز سے ہرادیا ہے۔ مسلسل چھٹی شکست کے باعث کراچی کنگز کی ٹورنامنٹ کے پلے آف مرحلے میں رسائی مشکل ہوگئی ہے۔

194 رنز کے تعاقب میں کراچی کنگز کی ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 138 رنز ہی بناسکی۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں کراچی کنگز کو پہلا نقصان اس وقت اٹھانا پڑا جب شرجیل خان 14 رنز بنا کر سلمان ارشاد کی گیند پر بین کٹنگ کو کیچ دے بیٹھے۔ دوسری وکٹ کے لیے بابر اعظم اور جو کلارک نے اگلے دس اوورز میں 60 رنز کی شراکت قائم کی تاہم وہ اپنی ٹیم کو فتح دلانے میں کامیاب نہ ہوسکے۔

کپتان بابر اعظم بھی 59 رنز اسکور کرکے سلمان ارشاد کا شکار بنے۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے شامل تھے۔ جو کلارک نے 26 رنز بنائے۔

اس شراکت داری کے ٹوٹنے کے بعد کراچی کنگز کا کوئی بھی بیٹر زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکا اور کراچی کنگز کی ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 138 رنز ہی بناسکی۔

سلمان ارشاد اور وہاب ریاض نے دو دو کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

اس سے قبل کراچی کنگز نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو پشاور زلمی سے ڈیبیو کرنے والے وکٹ کیپر بیٹر محمد حارث نے حضرت اللہ ززائی کے ہمراہ 97 رنز کی شراکت قائم کرکے پشاور زلمی کو مضبوط آغاز فراہم کیا۔ نوجوان وکٹ کیپر محمد حارث ایک اسکور کی کمی سے اپنی نصف سنچری مکمل نہ کرسکے۔ وہ 27 گیندوں پر 4 چھکوں اور 3 چوکوں کی بدولت 49 رنز کی جارحانہ اننگز کھیل کر پویلین واپس لوٹے۔

حضرت اللہ ززائی نے ایک چھکے اور 6 چوکوں کی مدد سے 52 رنز اسکور کیے۔ تیسرے نمبر پر میدان میں اترنے والے لیام لیونگ اسٹون چھ رنز بناکر آؤٹ ہوئے تو تجربہ کار شعیب ملک اور بین کٹنگ نے 145 سے زائد کے اسٹرائیک ریٹ سے بالترتیب 31 اور 26 رنز بناکر ٹیم کا مجموعہ 190 کے پار پہنچانے میں مدد کی۔

پشاور زلمی نے مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 193 رنز بنائے۔ کرس جارڈن نے تین جبکہ قاسم اکرم، محمد نبی اور عمید آصف نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4